## معصوم اسماویہ کے قاتلوں کو گجرانوالہ میں سرعام پھانسی دی جائے، الطاف حسین
## معصوم اسماویہ کے اغواء اور وحشیانہ قتل میں ملوث عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے
## اسماویہ کے قتل میں مجرمانہ غفلت میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی جائے

لندن۔۔۔12، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے گجرانوالہ میں تین سالہ معصوم بچی اسماویہ کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ معصوم اسماویہ کے اغواء اور وحشیانہ قتل میں ملوث عناصر کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے، یہ عناصر انسانیت کے دشمن ہیں اور ان کے خلاف سخت سے سخت کارروائی کی جانی چاہیئے۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ معصوم بچی کے قاتلوں کو گرفتار کر کے قانون کے مطابق گجرانوالہ میں سرعام پھانسی دی جائے تاکہ کسی کو بھی اس قسم کے وحشانہ اور سفاکانہ فعل کی جرات نہ ہوسکے۔جناب الطاف حسین نے وزیراعلیٰ پنجاب، پنجاب کی انتظامیہ اور پولیس کے اعلیٰ حکام سے اپیل کی کہ اسماویہ کے قاتلوں کی گرفتاری میں کوئی کسر باقی نہ رکھی جائے، انہیں جلد سے جلد گرفتار کر کے کیفرکردار تک پہنچایا جائے اور مجرمانہ غفلت میں ملوث پولیس اہلکاروں کے خلاف بھی قانونی کارروائی کر کے انہیں سرعام سزا دی جائے۔جناب الطاف حسین نے معصوم اسماویہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔

## ایم کیوایم کے شہید کارکن محمد فاروق پٹنی کی والدہ محترمہ امینہ کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔12، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے شہید کارکن محمد فاروق پٹنی کی والدہ محترمہ حاجیانی امینہ بائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

## لندن میں شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے چہلم کے موقع پر قرآن خوانی کا اجتماع
## قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کے علاوہ شہید کی بیوہ شمائلہ عمران، صاحبزادوں عالیشان، وجدان، والد فاروق احمد، والدہ رئیسہ فاروق اور ہمشیرہ سمیت ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی

لندن۔۔۔12، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کا چہلم لندن میں منایا گیا اور شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا گیا۔اس سلسلے میں ہفتہ کے روز لندن کے علاقے ایجویئر میں واقع واٹلنگ کمیونٹی سینٹر میں ایک اجتماع ہوا جس میں ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی اور فاتحہ خوانی کی گئی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، شہید کی بیوہ شمائلہ عمران، صاحبزادوں عالیشان، وجدان، والد فاروق احمد، والدہ رئیسہ فاروق، ہمشیرہ بینا فاروق، دیگر عزیز واقارب کے علاوہ ایم کیوایم شعبہ خواتین کی ارکان، یوکے یونٹ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم برطانیہ کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، برطانیہ میں مقیم ہمدرد پاکستانیوں اور ان کے اہل خانہ نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔بعدازاں حافظ مسرورالحسن نے ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی اور اجتماعی دعا کرائی۔

## بھمبر میں ایم کیو ایم کے کارکن مرزا امتیاز کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا رہائشگاہ پر جا کر اظہار تعزیت

بھمبر۔۔12،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف اور گلفر از خٹک نے بھمبر میں ایم کیو ایم کے کارکن مرزا امتیاز کی والدہ کے انتقال پر ان کی رہائشگاہ جاکر سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے ارکان محمد اسلم آفریدی،محمد رفیق،آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مرزا امتیاز کی والدہ مرحومہ کیلئے دعا کی کہ اللہ تعالی مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلی مقام عطا فرمائے۔(آمین)

## ایم کیو ایم جاگیرداروں کے بجائے عام آدمی کو اقتدار میں لانا چاہتی ہے،رابطہ کمیٹی

## جب تک پاکستان ایک فلاحی ریاست نہیں بن جاتا اس وقت تک ایم کیو ایم کی جدو جہد جاری رہے گی،طاہر کھوکھر

## آزاد کشمیر پر ضلع بھمبر میں مختلف عوامی اجتماعات سے خطاب

بھمبر۔۔11،دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے رابطہ کمیٹی ارکان شاہد لطیف اور گلفر از خٹک نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم پاکستان میں طبقاتی نظام کی مخالف ہے اور برابری کی سطح پر ٹیکسوں کا نفاذ چاہتی ہے ،آئین پاکستان کی روح سے پاکستان کے تمام شہریوں کے حقوق برابر ہیں حکومت ٹیکس ان جاگیرداروں پر لگائے جو 63 سال سے ملک اور قوم کا خون چوس رہے ہیں۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزاد کشمیر کے ضلع بھمبر میں مختلف عوامی اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی جوائنٹ انچارج محمد اسلم آفریدی،ممبر صوبائی تنظیمی کمیٹی محمد رفیق بھی موجود تھے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ ایم کیو ایم غریب متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والی جماعت ہے جو دولت مندوں جاگیرداروں کے بجائے عام آدمی کو اقتدار میں لانا چاہتی ہے تاکہ ملک کے 98 فیصد عوام کے مسائل حل ہوسکیں۔اس موقع پر ایم کیو ایم کے آزاد کشمیر اسمبلی میں پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر نے کہا کہ ایم کیو ایم کراچی سے کشمیر تک عوام کے حقوق کیلئے میدان عمل میں اتری ہے جب تک پاکستان ایک فلاحی ریاست نہیں بن جاتا اس وقت تک ایم کیو ایم کی جدو جہد جاری رہے گی۔ انہوں نے کیا کہ ہم نے حکومت کو ٹیکس کے نظام کیلئے 9 نکات پر مشتمل تجاویز پیش کردی ہے جس پر عملدرآمد کرکے اس مسئلے کا حل کا نکالا جاسکتا ہے۔

## میں فرقہ واریت کا خاتمہ الطاف حسین کی عملی کوششوں کا نتیجہ ہے،علامہ ڈاکٹر حسن رضوی،علامہ اسد تھانوی

## ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب بخاری،حق پرست وزراء اور ارکان اسمبلی کی علمائے کرام سے ملاقاتیں

کراچی۔۔۔12،دسمبر 2010ء

محرم الحرام میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی کے فروغ اور قیام امن کیلئے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری،حق پرست صوبائی وزراء عبدالحسیب،خالد بن ولایت،حق پرست ارکان قومی اسمبلی سفیان یوسف اور شیخ صلاح الدین نے گزشتہ روز معروف عالم دین علامہ ڈاکٹر حسن رضوی اور ممتاز عالم دین علامہ اسد تھانوی سے علیحدہ علیحدہ ملاقاتیں کیں اور انہیں محرم الحرام کے موقع پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔اس موقع پر ایم کیو ایم کی علماء کمیٹی کے انچارج جاوید احمد،اراکین انور رضا اور محمد ناصر یامین بھی موجود تھے۔ملاقات میں علمائے کرام نے رابطہ کمیٹی کے رکن شعیب احمد بخاری،حق پرست وزراء اور ارکان اسمبلی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس بات کو نظر انداز نہیں کیا جاسکتا کہ صوبہ سندھ بالخصوص کراچی میں فرقہ واریت کے خاتمہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی کوششوں کا نتیجہ ہے اور آج تمام مسالک اور فقہوں کے درمیان پائے جانے والے اختلافات ختم ہوچکے ہیں اور وہ ایک دوسرے کے مسالک اور فقہوں کا احترام کرتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے موقع پر مسالک اور فقہہ کی بنیاد پر عوام میں فرقہ واریت کی آگ بھڑکانے والے امت مسلم کے کھلے دشمن ہیں اور اتحاد بین المسلمین کے خلاف سرگرم ہیں۔انہوں نے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے عوام سے اپیل کی کہ وہ محرم الحرام کے دوران اپنے درمیان اتحاد،بھائی چارے،یگانگت اور محبت کی فضا کو برقرار رکھیں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کو نقصان پہنچانے والے سازشی عناصر پر کڑی نظر رکھیں۔ملاقات میں علامہ ڈاکٹر حسن رضوی اور علامہ اسد تھانوی نے محرم الحرام اور دیگر اسلامی مہینوں میں عملی کردار ادا کرنے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کی درازی عمر،صحت وتندرستی کیلئے دعا بھی کی۔

## جدید سہولیات سے آراستہ نذیر حسین میڈیکل سینٹر حیدرآباد آئندہ چند روز میں عوام کی خدمت کا کام شروع کردیگا
## اسپتال میں میڈیکل اور نان میڈیکل عملے کی تعیناتی کیلئے چار ہزار سے زائد امیدواروں سے انٹرویو کیے گئے

حیدرآباد۔۔۔12، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیراہتمام حیدرآباد میں تعمیر ہونے والے نذیر حسین میڈیکل سینٹر آئندہ چند دنوں میں باقاعدہ کام شروع کردے گا جو حیدرآباد کے عوام کیلئے قائد تحریک الطاف حسین کا ایک اور انمول تحفہ ہے۔ جدید سہولیات، مشینری اور دیگر آلات سے آراستہ نذیر حسین میڈیکل سینٹر حیدرآباد اسپتال میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے میڈیکل اور نان میڈیکل اسٹاف کی بھرتیوں کیلئے خالصتاً میرٹ کی بنیاد پر امیدواروں کے انٹرویوز کیے گئے اور امیدواروں کی اسناد و دیگر کوائف جمع کیے گئے۔ تعمیر شدہ نذیر حسین میڈیکل سینٹر حیدرآباد میں خالی اسامیوں میں میڈیکل سپرینٹنڈنٹ، ایڈمنسٹریٹر، ڈاکٹرز اور نرسنگ اسٹاف کے علاوہ دیگر 41 کیٹگریز کی آسامیوں کیلئے انٹرویوز مکمل کیے گئے۔ انٹرویوز میں سندھ کے مختلف شہروں سے چار ہزار سے زائد امیدوار شریک ہوئے جبکہ امیدواروں سے انٹرویوز لینے کیلئے کراچی و حیدرآباد کے ماہر پروفیسرو ڈاکٹرز کی ٹیم تشکیل دی گئی تھی۔

## ایم کیو ایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔12، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اورنگی سیکٹر یونٹ 123 کے کارکن شیراز ہاشمی کے والد محمد رفیع نور ہاشمی، متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 4 کے کارکن محمد قاسم کے والد نورالنبی، ٹنڈو الہ یار زون یونٹ 4/C کے کارکن خالد اسماعیل کے والد اسماعیل خان، لانڈھی سیکٹر یونٹ 80 کے کارکن عرفان علی کے والد حامد علی نواز، ملیر سیکٹر یونٹ 101 کے کارکن محمد عاصم کی والدہ محترمہ اعجازی بیگم، ملیر سیکٹر یونٹ 102 کے کارکن عرفان احمد کی والدہ محترمہ غوثیہ بیگم، ڈیفنس کلفٹن سیکٹر یونٹ 07 کے کارکن محمد سلیم کے بھائی عبدالعزیز، کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی ابراہیم حیدری سیکٹر یونٹ چکرا گوٹھ کے کارکن نظیر گبول کی والدہ محترمہ شہناز بیگم، میڈیکل ایڈ کمیٹی کے آئی، ایچ، ڈی یونٹ کی یونٹ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر آصف غوری کی والدہ محترمہ عابدہ خاتون اور ایم کیو ایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی اولڈ ملیر سیکٹر یونٹ اولڈ ملیر کے کارکن زاہد حسین کی صاحبزادی ماریہ حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے اللہ تعالیٰ کے حضور دعا کی کہ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین) دریں اثناء رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم ملیر سیکٹر یوسی 2 کی ورکنگ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف مسیح کے بڑے بھائی رفاقت مسیح کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔

## پنجاب بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں میں گورنرز اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے قیام کے نفاذ کا اعلان غیر دانشمندانہ اقدام ہے، حق پرست ارکان قومی اسمبلی

کراچی۔۔۔12 دسمبر 2010ء

حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے پنجاب بھر کے سرکاری تعلیمی اداروں میں گورنرز اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے قیام کے نفاذ کے اعلان پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ اپنے مشترکہ بیان میں ارکان قومی اسمبلی نے کہا ہے کہ پنجاب کے اسکولز، کالجز اور جامعات کی سطح پر گورنرز اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے نظام سے تعلیمی اداروں کی فیس میں مزید اضافہ ہوجائے گا جو کہ حکومت پنجاب کی جانب سے غریب طلباء کیلئے ذہنی اذیت و پریشانی کا باعث بنے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام سے نہ صرف سرکاری تعلیمی اداروں کے طلباء بلکہ اساتذہ کرام کسمپرسی کا شکار ہوجائیں گے جبکہ پہلے ہی پنجاب بھر کے تعلیمی نظام کی صورتحال انتہائی بدحالی کی طرف گامزن ہے اور تعلیمی اداروں میں طلباء اعلیٰ معیار تعلیم حاصل کرنے سے محروم ہیں اور مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت پنجاب، گورنرز اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے نظام کے فیصلے پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کیلئے پنجاب کے تمام تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام اور طلباء پر زور دے رہی ہے جو کہ ان کے ساتھ ظلم کے مترادف ہے اور پنجاب بھر کے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کرام اور طلباء ان ہی غیر دانشمندانہ اقدام کیخلاف سراپا احتجاج ہیں اور وہ گورنرز اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے قیام کی شدید مخالفت کررہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ملک اس وقت

پہلے ہی مشکلات سے دوچار ہے لہٰذا ایسا راستہ اختیار کرنا چاہئے جو کہ طلباء کو پریشانی کی کیفیت سے نجات دلا سکے اور گورنرز اور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے قیام کے نفاذ کے اعلان کے فیصلے پر نظرِ ثانی سمیت ایسے تمام تر فیصلے کرنے سے قبل طلباء کی خواہشات اور اُمنگوں کو مدنظر رکھا جائے۔

## ایم کیوایم کے شہید کارکن محمد فاروق پٹنی کی والدہ کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے مرحومہ کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے تعزیت کا اظہار بھی کیا
## مرحومہ کو بلدیہ ٹاؤن کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، سوئم 14 دسمبر منگل کو نیوانجام کالونی میں واقع جامع مسجد غوثیہ میں ہوگا

کراچی۔۔۔12، دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 116 کے شہید کارکن محمد فاروق پٹنی کی والدہ محترمہ حاجیانی امینہ بائی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومہ کے تمام لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبرِ جمیل عطا کرے۔دریں اثناء محترمہ حاجیانی امینہ بائی مرحومہ کو بلدیہ ٹاؤن 7 نمبر کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحومہ کی نماز جنازہ بلدیہ ٹاؤن کی نیوانجام کالونی میں واقع جامع مسجد غوثیہ میں ادا کی گئی۔نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی خواجہ سہیل منصور، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی حنیف شیخ، ریحان ظفر، ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران، ایم کیوایم ایلڈرز ونگ کے ارکان، ایم کیوایم بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحومہ کے عزیز و اقارب نے شرکت کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل، ڈاکٹر صغیر احمد اور ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی نے مرحومہ کی رہائشگاہ جا کر سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا اور مرحومہ کے ایصال کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔مزید براں محمد فاروق پٹنی شہید کی والدہ محترمہ حاجیانی امینہ بائی مرحومہ کا سوئم مورخہ 14 دسمبر بروز منگل کو بعد نماز عشاء بلدیہ ٹاؤن کی نیوانجام کالونی میں واقع غوثیہ مسجد میں ہوگا جبکہ خواتین کے لئے سوئم کا انتظام مرحومہ کی رہائشگاہ پر بعد نماز ظہر تا عصر کیا گیا ہے جس میں مرحومہ کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## جنگ گروپ کے بانی میر خلیل الرحمٰن کے چھوٹے بھائی میر جمیل الرحمٰن اور بزنس ریکارڈر اخبار کے بانی و ایڈیٹر چیف ایم اے زبیری کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔12 دسمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جنگ گروپ کے بانی میر خلیل الرحمٰن کے چھوٹے بھائی میر جمیل الرحمٰن اور بزنس ریکارڈر اخبار کے بانی و ایڈیٹر ایم اے زبیری کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور کہا کہ دکھ کی اس گھڑی میں مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

## ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل طلباء سے ہوتی ہے۔دانش احمد
## طلباء کے لیے نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد بھی اے پی ایم او کا خاصہ ہے۔شبیر علی بابر
## اے پی ایم ایس او کے مرکزی ذمہ داران کی نوابشاہ سیکٹر اور ملحقہ سرکلز محراب پور اور نوشہرو فیروز کے تنظیمی دورے کے موقع پر کارکنان سے گفتگو

نوابشاہ۔۔۔12 دسمبر 2010

آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے مرکزی جوائنٹ سیکریٹری دانش احمد نے کہا ہے کہ صحت مند معاشرے کا قیام کھیلوں کے انعقاد سے ہوتا ہے جبکہ ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل طلباء سے ہوتی ہے۔ان خیالات کا اظہار انھوں نے اے پی ایم ایس او نوابشاہ سیکٹر اور ملحقہ سرکلز محراب پور اور نوشہرو فیروز کے تنظیمی دورے کے موقع پر کارکنان سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر مرکزی نشر و اشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر اور نوابشاہ سیکٹر کے ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔انھوں نے کہا کہ محترم بانی و قائد تحریک جناب الطاف

حسین نے ہمیشہ نوجوانوں اور اپنے کارکنان کو حصولِ علم کی ہدایت دی ہیں جبکہ اے پی ایم ایس او کا مقصد تمام نوجوانوں کے لیے تعلیم کا حصول ہے۔ قبل ازیں مرکزی نشر و اشاعت سیکریٹری شبیر علی بابر نے کہا کہ اے پی ایم ایس او جہاں اپنے مثالی نظم وضبط کی وجہ سے پاکستان بھر میں مقبول عام ہے وہیں طلباء کے لیے نصابی و غیر نصابی سرگرمیوں کا انعقاد بھی اے پی ایم او کا خاصہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او کے کارکنان کو فخر ہے کہ وہ آج ایک ایسی طلباء تنظیم کے کارکنان ہیں جس نے اپنے بطن سے پاکستان کی تیسری بڑی جماعت متحدہ قومی موومنٹ کو جنم دیا اور جس کے بانی و پہلے چیئر مین قائد تحریک محترم جناب الطاف حسین ہیں۔ انھوں نے کارکنان پر زور دیا کہ قائد تحریک کی تعلیمات تمام کارکنان کے لیے مشعل راہ ہے لہذا اہم پر لازم ہے کہ قائد تحریک کی تعلیمات کا زیادہ سے زیادہ پرچار کریں اور عام طلباء کو بھی اپنی جد وجہد میں شمولیت کی دعوت دیں۔

☆☆☆☆☆